● **صدائے عصر** **مؤلف: مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب مدظلہ**

**ناشر: العصر اکیڈمی، جامعہ عثمانیہ، پشاور صدر۔ ضخامت: 321 صفحات قیمت: درج نہیں**

مولانا مفتی غلام الرحمٰن، جامعہ عثمانیہ پشاور کے شیخ الحدیث اور مہتمم ہیں اور جامعہ کے ترجمان ماہنامہ ''العصر'' کے مدیر بھی۔ زیرِ مطالعہ کتاب مفتی صاحب کے اُن اداریوں کا انتخاب ہے جو ''العصر'' میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ جامعہ ہی کے استاذِ حدیث مولانا مفتی ذاکر حسن نعمانی نے انھیں مرتب کر کے کتابی شکل دے دی۔ ۱۲۷ ابواب پر مشتمل اس کتاب میں مدارسِ عربیہ کی اہمیت، نصابِ تعلیم، اہلِ علم کی ذمہ داریاں، مدارس کو درپیش مسائل، مدارس کا کردار، خواتین کی تعلیم و تربیت، اساتذہ کی ذمہ داریاں اور مستقبل کی تعمیر میں اُن کا کردار جیسے اہم عنوانات پر قرآن وحدیث کی روشنی میں معلمین و طلباء کی بہترین رہنمائی کی گئی ہے۔ (تبصرہ: عین الزمان عادل)

● **بنیاد** **مصنف: محمد صدیق بخاری ضخامت: 232 صفحات قیمت: 300**

**ناشر: سوئے حرم پبلی کیشنز 53۔ وسیم بلاک، حسن ٹاؤن ملتان روڈ لاہور۔**

فاضل مصنف محمد صدیق بخاری لاہور سے شائع ہونے والے ایک ماہنامہ ''سوئے حرم'' کے مدیر ہیں۔ مجلّے کے اغراض و مقاصد تو اُس کے نام سے ہی ظاہر ہیں لیکن فاضل مدیر کے آزادیٔ فکر، اور آزادیٔ رائے کے مغربی نظریات پر ایمان رکھنے اور کاربند ہونے کی وجہ سے اُن کے نتائجِ فکر متنازعہ بھی ہو جاتے ہیں۔ زیرِ نظر کتاب ماہنامہ ''سوئے حرم'' میں چھپنے والے ان مضامین کا مجموعہ ہے جو ''آوازِ دوست'' کے عنوان سے چھے سال تک چھپتے رہے۔ اس کتاب میں ملکی، ملّی، مذہبی، قومی اور اخلاقی بنیادوں کے احیاء کی دعوت کو اجاگر کیا گیا ہے۔

کتاب کا سرورق اور پیش نامہ خاصا معنی خیز ہے۔ سرورق پر ایک خزاں رسیدہ سوکھا درخت ہے جس کی سوکھی جڑوں کو پانی دیتے ہوئے مغربی لباس میں ملبوس ایک ریش خراشیدہ معمر شخص کو دکھایا گیا ہے۔ کتاب کے پس سرورق پر وہ سوکھا درخت اب ہرا ہو چکا ہے۔ اس تصویر میں کتاب کا عنوان یعنی ''بنیاد'' مزید معنویت بھرتا ہے۔ اگر اس بنیاد سے مراد دین وملت کی بنیادیں ہیں تو مصنف کی رائے میں اسلام کے ادبار رسیدہ سوکھے درخت کو ہرا کرنے کے لیے ہمیں افکارِ مغرب سے شادابی اخذ کرنے کی ضرورت ہے۔ تقریباً اسی تأثر کی تائید کتاب کے مشمولات سے بھی ہوتی ہے۔ جہاں اندازِ فکر سے اختلاف کیا جاسکتا ہے وہیں بہت سے خیالات قاری سے توجہ کے متقاضی بھی ہیں۔

● **تاریخی شاہی مسجد کچھی و آثارِ صالحین** **مؤلف: مولانا طاہر محمود اطہر**

**ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔ خیبر پختون خواہ ضخامت: 352 صفحات، قیمت: درج نہیں**

ہر ملک، ہر شہر، ہر بستی میں کچھ ایسے امتیازی شان رکھنے والے لوگ ضرور ہوتے ہیں...... جو اپنے بلند اخلاق، اعلیٰ کردار اور قابلِ رشک کمالات کی وجہ سے مینارۂ نور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ مؤلف نے اپنے جن خاندانی بزرگوں کو اعلیٰ نمونے کا